یہ کتاب دارالعلوم کے مؤتمر المصنفین کے ادارۃ العلم والتحقیق کے ڈائریکٹر مولانا عبدالقیوم حقانی کی شخصیت اور تصانیف کے تعارف پر مشتمل ہے۔ مولانا کی خوش قسمتی ہے کہ زندگی ہی میں ان کی شخصیت کتاب کا موضوع بن گئی ہے۔ مؤلف نے ان کے حالات، ان کے علم، ان کی خطابت اور ان کی تصانیف کے بارے میں نہ صرف اپنے تاثرات بلکہ ان کے اساتذہ اور رفقا کے تاثرات، اور کتب پر تبصرے اور خطوط سب یکجا کر دیے ہیں۔ کتب کے بعض اقتباسات سے قاری براہ راست بھی استفادہ کر لیتا ہے۔ (مسلم سجاد)

۱۔ تفسیری و حدیثی خدمات ۲۔ مولفین صحاح ستہ ۳۔ سیرۃ ائمہ اربعہ: از عبدالرشید عراقی سوہدری۔ ناشر: جامعہ ابراہیمیہ ناصر روڈ سیالکوٹ۔

۸۶، ۹۲ اور ۴۸ صفحات کے یہ کتابچے دینی مدارس میں شعبہ تصنیف تالیف کے قیام اور اشاعتی سرگرمیوں کے رجحان کے آئینہ دار ہیں۔ پہلے میں، برِاعظم پاک و ہند میں علمائے اہلحدیث کی تفسیری و حدیثی خدمات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ دوسرے میں، امام مالکؒ، امام بخاریؒ، امام مسلمؒ، امام ابوداؤدؒ، امام ترمذیؒ اور امام ابن ماجہؒ کے حالات زندگی اور ان کی علمی خدمات کا تذکرہ ہے۔ یہ بھی علم میں آیا کہ مولانا ابوالکلام آزاد اہلحدیث تھے۔ تیسرے میں امام ابوحنیفہؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ پر مختصر معلوماتی مضامین ہیں جو "ترجمان القرآن" میں شائع ہو چکے ہیں۔ (مسلم سجاد)

وضاحت

۱۔ ترجمان القرآن میں ترجیحاً دینی اور علمی کتابوں پر تبصرے شائع کیے جاتے ہیں۔
۲۔ تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے آنا ضروری ہیں۔
۳۔ تبصرے کے لیے مطبوعات براہ راست: مدیر ترجمان القرآن منصورہ، لاہور ۵۴۵۷۰ کو بھیجی جائیں۔